ZIL
LIMITED

نوٹس برائے 64 واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ZIL Limited کا 64 واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ ۲۴ اپریل, ۲۰۲۴ء بروز بدھ کو بمقام رائل روڈیل پلاٹ نمبر TC-V۔اسٹریٹ ۳۴ ، خیابان سحر، فیز V (توسیع)، ڈی۔ایچ۔اے، کراچی، پاکستان میں صبح ٹھیک ۰۹:۰۰ بجے منعقد کیا جائے گا۔اجلاس میں درج ذیل امورانجام دیئے جائیں گے۔

عمومی امور:

(۱) ۸ دسمبر, ۲۰۲۳ء بروز جمعہ کو ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

(۲) مالیاتی سال ۳۱ دسمبر, ۲۰۲۳ء کے اختتام کے حوالے سے آڈٹ شدہ حسابات کی ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کے ہمراہ زیرِ بحث لانا اور منظوری۔

(۳) مالیاتی سال ۲۰۲۳ء کے حوالے سے ڈائریکٹرز کے تجویز کردہ بیس (20%) فی صد حتمی ڈیویڈنڈ کی منظوری۔

بحکم بورڈ

محمد شاہد
کمپنی سیکریٹری

کراچی: ۲۷ فروری ۲۰۲۴ء

نوٹس:

(۱) کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں 18 اپریل, ۲۰۲۴ء سے 24 اپریل, ۲۰۲۴ء (بشمول دونو دن) بند رہیں گی۔17 اپریل ۲۰۲۴ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر سی۔۳۲، جامی کمرشل اسٹریٹ ۲، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی کے پتہ پر موصول ہونے والے منتقلی حصص کو حتمی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لئے بروقت سمجھے جائیں گے۔

(۲) اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والا کمپنی کا ممبر اپنی جگہ کسی فرد / نمائندہ کو اجلاس میں موجودگی اور ووٹ دینے کے لئے بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔اجلاس میں بطور پراکسی شمولیت /نمائندگی کے لئے پراکسی فارم، مؤثر ہونے کے لیے اجلاس کے انعقاد کے وقت سے ۴۸ گھنٹے قبل، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہو جانا چاہیے۔

(۳) سی ڈی سی کا انفرادی استحقاق رکھنے والا کوئی بھی ممبر جو اس میٹنگ میں ووٹ دینے کا حق دار ہو شناخت کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ لازمی اپنے ہمراہ لائے۔اور پراکسی کی صورت میں شیئر ہولڈر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل پراکسی فارم کے ساتھ لازمی منسلک کریں۔کارپوریٹ ممبرز کے نمائندے اس موقع پر مطلوبہ عمومی دستاویزات اپنے ہمراہ لائیں۔

(۴) ممبران اپنے آبائی شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔اس صورت میں اگر کمپنی کو میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم ۷ دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے لیے جغرافیائی محل وقوع پر رہائش پذیر دس (10%) فی صد یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران سے درخواست موصول ہوتی ہے، تو کمپنی ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی۔اس مقصد کے لیے، براہ کرم درج ذیل فارم کو پُر کریں اور اوپر دیے گئے ٹائم فریم کے مطابق کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروائیں:

"میں/ہم، ____ کا ____________________، ZIL لمیٹڈ کا رکن ہونے کے ناطے، رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ __________ کے مطابق ____________________ عام حصص کا حامل ____________ پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں۔

ممبر/اٹارنی کے دستخط"۔

(۵) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، 2000 میں دی گئی اضافی رہنمائی پر بھی عمل کریں۔

(٦) حصص یافتگان پتہ میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر سی۔۳۲، جامی کمرشل اسٹریٹ ۲، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی کو آگاہ کریں۔

خصوصی نوٹس برائے شیئر ہولڈرز:

(۷) کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے ادائیگی: (لازمی)

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن 242 کے تحت لازمی ہے کہ لسٹڈ کمپنی اپنے حقدار شیئر ہولڈر کو انکے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں صرف الیکٹرانک ذرائع سے نقد منافع کی ادائیگی براہ راست کرے۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ فزیکل شیئرز کی صورت میں ڈیویڈنڈ اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست وصول کرنے کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر شدہ, دستخط کر کے شناختی کارڈ کی نقل کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے آفس میں فوری ارسال کریں۔الیکٹرانک شیئر کی صورت میں اپنے بروکر / حصہ دار اور CDC اکاؤنٹس سروسز میں جمع کرائیں۔